سوال

(1212)غیر مسلموں کے ساتھ کھانا کھانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاہندوؤں اورعیسائیوں جیسے کافروں کے ساتھ میل جول رکھنا،اکٹھے کھانا پینااورباتیں کرنا جائزہے؟یا دین اسلام کی دعوت کے پیش نظران کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنااجائزہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ کے دین کی دعوت دینے کی نیت سے ان کے ساتھ میل جول،اکٹھے بیٹھنااورانس کا اظہارکرنا جائزہےتاکہ اسلامی تعلیمات ان کے سامنے واضح کی جاسکیں اورانہیں دین اسلام قبول کرنے کی ترغیب دی جائے اوربتایا جائے کہ بہترین انجام صرف اہل اسلام ہی کا ہے اوران کے علاوہ دوسرے سب لوگوں کےلیے رسوائی اوربراانجام ہے۔اورساتھ ہی آدمی کو اللہ سےاپنےلیے استغفاربھی کرنا چاہیۓ کیونکہ آدمی ان کافروں کے سامنے دوستی اورمحبت کا اظہارکرتا ہے،اوران لوگوں سے میل جول کا انجام عموماًاچھا نہیں ہوتا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام ومسائل،خواتین کا انسا ئیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 858

محدث فتویٰ